© rasailojaraid.com



# تعارف وتبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

نام کتاب : درسِ قرآن کی تیاری کیسے؟
مصنّف : خلیل الرحمٰن چشتی
ضخامت : ۸۸صفحات قیمت: درج نہیں
ملنے کا پتہ : ادارہ منشورات اسلامی بالمقابل منصورہ ٗ ملتان روڈ ٗ لاہور

معروف عالمِ دین خلیل الرحمٰن چشتی صاحب کئی علمی اور تحقیقی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ان کی بیشتر کتب چشم کُشا حقائق پر مبنی ہیں۔ وہ وسیع المطالعہ شخصیت ہیں۔ قرآن و حدیث ان کی کتابوں کا مرکز و محور ہے۔ ''قواعدِ زبانِ قرآن'' اور ''حدیث کی اہمیت اور ضرورت'' ان کی شاہکار کتابیں ہیں ٗ جن کے کئی ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ یہ کتابیں علماء ٗ مدرّسین اور واعظین کی ضرورت ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب بقامت کہتر وبقیمت بہتر کا نمونہ ہے۔ جو شخص کچھ عربی سیکھ لیتا ہے اور قرآن کی ایک دو تفاسیر اور حدیث کی چند کتابوں کا مطالعہ کر لیتا ہے تو اسے درس قرآن کا شوق ہو جاتا ہے۔ یہ بڑی اچھی بات ہے۔ قرآن کی تعلیمات کی تبلیغ واشاعت بڑا اعلیٰ درجے کا کام ہے ٗ مگر جس طرح ہر کام کے کچھ لوازم ہوتے ہیں اسی طرح مدرّس کے لیے بھی درسِ قرآن کے بنیادی اصولوں سے واقفیت ضروری ہے۔ اس کتاب میں مصنف نے چودہ عنوانات کے تحت درسِ قرآن کے انداز و آداب اور مدرس کے لیے ضروری ہدایات درج کی ہیں جن کی رعایت سے درس قرآن میں پختگی اور تاثیر پیدا ہو جائے گی۔ مدرس کی راہنمائی کی گئی ہے کہ کسی مخصوص سورت ٗ کسی مخصوص آیت کے درس کی تیاری کیسے کی جائے اور کسی خاص عنوان پر درس کی تیاری کے لیے معلومات کیسے اکٹھی کی جائیں۔ یہ چھوٹی سی کتاب لائق مطالعہ ہے۔ اب تک اس کے پانچ ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ اس کتاب کا انگریزی ترجمہ بھی مل سکتا ہے۔



© rasailojaraid.com